مولانا عبدالقیوم حقانی

تبصرۂ کتب

ماہنامہ الفاروق (اردو) | مدیر: مولانا عبیداللہ خالد ۔ صفحات: ۶۴ ۔ سالانہ چندہ ۵۰/- روپے
جامعہ فاروقیہ پوسٹ بکس نمبر ۱۱۰۰۹ ۔ شاہ فیصل کالونی ۴ کراچی ۲۵۔

جامعہ فاروقیہ کراچی اپنے دیگر تعلیمی، تدریسی، تربیتی، اصلاحی وتبلیغی شعبوں کی طرح شعبۂ نشر واشاعت بحمداللہ بہت قلیل مدت میں ایک معیاری اور مثالی مقام حاصل کرچکا ہے۔ گذشتہ سال الفاروق (عربی) ...را، کے بعد اب ماہنامہ الفاروق (اردو) بھی باقاعدگی سے شائع ہونا شروع ہوگیا ہے اور اب تک چھ ...منظر عام پر آچکے ہیں۔ مدیر الفاروق مولانا عبیداللہ خالد صحافت میں نووارد ہیں۔ مگر مضامین کے انتخاب ...جدت، معیار اور تنوع کو ملحوظ رکھ کر جس انداز سے پرچہ مرتب کرتے ہیں معلوم ہوتا ہے ایک تجربہ کار اور قارئین کے مزاج، نفسیات اور طلب کی پرکھ رکھنے والے ایک سمجھے ہوئے ایڈیٹر کی نظر انتخاب ...ہر لحاظ سے تیر بہدف ثابت ہو رہی ہے۔

الفاروق (اردو) کے مضامین آسان، سلیس، سادہ مگر بامحاورہ ہیں، علمی، اخلاقی، تعلیمی، ادبی، ...یخی مضامین کے علاوہ اسلامی ممالک بلکہ دنیا بھر کے عبرت انگیز حالات اور واقعات پر مشتمل مقالہ جات ...فاروق کو ماہناموں میں ایک منفرد مقام دیدیا ہے۔ شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان کی تحریر صدائے حق ...ان سے رسالہ کی جان ہوتی ہے۔ الفاروق عامۃ المسلمین بالخصوص مطالعاتی اور علمی ذوق رکھنے والے ...کیلئے ایک گرانقدر علمی وادبی سوغات ہے۔ ادارۂ الحق، مدیر وسرپرست اور کارکنانِ الفاروق کو اس ...اقدام پر ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہے۔

مکتوبات نبوی | تالیف: مولانا سید محبوب رضوی ۔ صفحات ۳۲۰ ۔ قیمت درج نہیں۔
مولانا غلام مصطفےٰ ۔ خطیب جامع مسجد، سعدی پارک ۔ مزنگ ۔ لاہور۔

اسلام کی تبلیغ واشاعت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے مکتوبات کو اہم خصوصیت اور امتیازی مقام ہے جو دنیا کے بڑے بڑے لوگوں، سربراہان مملکت اور اپنے وقت کے مطلق العنان حکمرانوں کے نام لکھے ...حضورؐ کے ان خطوط میں اسلام کی دعوت وتبلیغ بھی ہے، اسلامی سیاست کے اصول بھی نبوت کا طرز خطاب معاہدات بھی، نبوت کے ان مختصر مگر جامع تحریروں سے سیرت نبوی کا ایک اہم پہلو سامنے آجاتا ہے ــــ